سوال

حضرت خضر علیہ السلام

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا حضرت خضر علیہ السلام زندہ ہیں ان کے زندہ ہونے کی کیا نوعیت ہے ان کی زندگی اور حضرت عیسٰی علیہ السلام کی زندگی میں کیا فرق ہے کیا خضر معہ جسد خاکی زندہ ہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حضرت خضر علیہ السلام کی حیات کے متعلق کوئی صاف روایت نہیں کہ وہ زندہ ہیں۔ صرف آپ حیات کی جگہ پینے سے بعض لوگوں کا خیال ہے کہ وہ زندہ ہیں۔ اس قسم کی بعض اور روایتیں بھی ہیں۔ جیسے حضرت رسول اللہ ﷺ کی وفات کے وقت آواز آئی جس میں گھر والوں کو صبر کی تلقین کی گئی۔ اس موقع پر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا۔ یہ آواز دینے والے حضرت خضر علیہ السلام ہیں۔

(مشکوۃ باب وفات النبی صلی اللہ علیہ وسلم فصل 3 ص 550)

لیکن یہ حدیث بالکل ضعیف ہے۔ قابل استدلال نہیں اگر اس کو تسلیم بھی کیا جائے تو اس سے زندگی ثابت نہیں ہوتی۔ کیونکہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ معراج کی رات انبیاء کرام علیہم السلام کی گفتگو ہوئی ہے۔ حالانکہ سوائے حضرت عیسٰی علیہ السلام کے باقی انبیاء بالاتفاق فوت ہوچکے تھے۔ سو ایسے ہی اگر فوت شدہ کی آواز زندہ نے سنی ہو تو یہ کوئی انوکھی بات نہیں بلکہ یہ چیز کرامت کی قسم ہو سکتی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الایمان، مذاہب، ج1ص173